यहाँ से काटिए
प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें
TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER
Tear Here

**Sl.No.:**

नामांक **Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 28

No. of Printed Pages - 7

# SS-22-Urdu Sah.(Supp.)

## SENIOR SECONDARY SUPPLEMENTARY EXAMINATION - 2018

## URDU SAHITYA

Time :3¼ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ/طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

نوٹ:۔مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھیے :۔

1. ''سیر پہلے درویش کی'' کس داستان کا قصہ ہے؟ [1]

2. مرزا ظاہر دار بیگ کس ناول کا کردار ہے؟ [1]

3. افسانہ ''بجوکا'' کے مصنف کا نام لکھیے۔ [1]

4. دھوپ کو دیکھنے کی تاب کس میں نہیں تھی؟ [1]

5. سبق ''خطاب بہ طلبا'' میں مصنف نے کس کو مخاطب کیا ہے؟ [1]

6. مقطع کسے کہتے ہیں؟ [1]

7. مومنؔ کا پورا نام لکھیے؟ [1]

8. ''مہِ شوّال'' کسے کہتے ہیں؟ [1]

[1]

9. حالؔی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

[1]

10. ''رُخصت'' کے کیا معنی ہوتے ہیں؟

نوٹ :۔مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات دو سطروں میں لکھیے :۔

[2]

11. رات کو مسجد میں ٹھہرنے پر کلیم کی کیا حالت ہوئی ؟

[2]

12. ہوری نے اپنے گھر والوں کو کیا وصیت کی تھی؟

[2]

13. پطرس بخاری کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

[2]

14. ''قیامت کا انتظار'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

[2]

15. جگؔر کے مطابق ''دل کو سکون اور روح کو آرام'' کیسے آیا؟

[2]

16. سوؔدا نے اپنا تخلص سوؔدا کیوں رکھا؟ **[4]**

17. مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:۔

غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے! ہر دم کہنے سننے سے اپنا بھی مزاج بہک گیا۔شراب ناچ اور بجوئے کا چرچا شروع ہوا۔ پھر تو یہ نوبت پہنچی کہ سوداگری بھول کر تماش بینی کا اور دینے لینے کا سودا ہوا۔ اپنے نوکر اور رفیقوں نے جب یہ غفلت دیکھی، جو جس کے ہاتھ پڑا الگ کیا، گویا لُوٹ مچادی۔ کچھ خبر نہ تھی کتنا روپیہ خرچ ہوتا ہے، کہاں سے آتا اور کدھر جاتا ہے۔ مالِ مُفت دلِ بے رحم۔اس در خرچی کے آگے اگر گنج قارون کا ہوتا تو بھی وفا نہ کرتا۔

یا

بڑی سے بڑی آرزو جس کو اپنے دل میں رکھ سکتا ہوں یہی ہے کہ زندگی کی آخری گھڑیوں تک اپنے اسلافِ کرام کے طریق حق پر مستقیم رہنے کی توفیق پاؤں اور اپنی ساری زندگی اسی راہ کی کوچہ گردی میں بسر کر دوں جس کا نشانِ سفر وہ اپنی یادگار میں چھوڑ گئے ہیں۔ خدمتِ علم وحق کا ایک سرمایہ سعادت ہے جو مجھ تہی دست تک پہنچتا ہے۔ میری محرومی ہے اگر اس کو بچا نہ سکا اور فضلِ الٰہی کی بخشش ہے اگر اس کی عزت اور نامِ نیک کو آنے والوں کے لیے محفوظ چھوڑ گیا۔

**[4]**

18. مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:۔

لے لے کے بلائیں یہی سب کرتی ہیں تقریر
اس گرمی کے موسم میں کہاں جاتے ہیں شبیر
سمجھاتی نہیں بھائی کو اے شاہ کی ہمشیر

مسلم کا خط آے تو کریں کوچ کی تدبیر

لِلّٰہ ابھی قبرِ پیمبر کو نہ چھوڑیں

گھر فاطمہ زہرا کا ہے اس گھر کو نہ چھوڑیں۔

یا

مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:۔

(i) یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا

اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

(ii) جو چیز بھی مجھ کو ہاتھ آئی

تیری سوغات ہو گئی ہے

[4]

19. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے:۔

(i) قول کا پاس

(ii) سویرے جو کل آنکھ میری کھلی

[4]

20. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے:۔

(i) 'روضۂ تاج گنج'

(ii) 'بیادِ اجمیر'

[4]

21. مندرجہ ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے :۔

(i) طنز و مزاح

(ii) مختصر افسانہ

[4]

22. مندرجہ ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے :۔

(i) غزل

(ii) مرثیہ

[4]

23. استعارہ کسے کہتے ہیں؟ تعریف لکھیے اور شعر سے مثال بھی پیش کیجیے۔

[4]

24. ایہام کسے کہتے ہیں؟ تعریف مع مثال لکھیے ۔

[6]

25. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے:۔

(i) مرزا غالبؔ

(ii) وحیدالدین سلیمؔ

**[6]**

26. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے:۔

(i) خواجہ الطاف حسین حالؔی

(ii) علّامہ اقبالؔ

**[6]**

27. فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات پر مفصّل روشنی ڈالیے۔

یا

دبستانِ دہلی کی شاعرانہ خصوصیات واضح کیجیے۔

**[8]**

28. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:۔

(i) میرا پسندیدہ شاعر/ادیب

(ii) عیدالفطر

(iii) جہیز: ایک سماجی لعنت

(iv) نوجوانوں میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری کا مسئلہ

⇨⇨⇨⇨